Department of
Education

GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

ویسٹرن آسٹریلین سرٹیفیکیٹ آف ایجوکیشن

والدین اور نگہداشت کرنیوالوں کے لیے معلومات

WACE اور WASSA

ویسٹرن آسٹریلین سرٹیفیکیٹ آف ایجوکیشن (WACE) ایک سینئر سرٹیفیکیٹ ہے جسے آسٹریلین کوالیفیکیشنز فریم ورک میں قومی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے۔WACE ان طلباء کو دیا جاتا ہے جنہوں نے سینئر سیکنڈری سکولنگ کے دو سال مکمل کیے ہوں اور مطلوبہ معیار حاصل کرلیا ہو۔WACE کو یونیورسٹیاں، صنعت اور دیگر ٹریننگ دینے والے ادارے تسلیم کرتے ہیں.

تمام طلباء جب سال 12 مکمل کرتے ہیں تو ویسٹرن آسٹریلین سٹیٹمنٹ آف سٹوڈنٹ اچیومنٹ (WASSA) وصول پاتے ہیں۔WASSA کسی طالب علم کی سینئر سیکنڈری سکولنگ میں ہر کورس، سند اور پروگرام میں کامیابی کورسمی طور پر ریکارڈ کرتا ہے۔

WACE کے لیے کیا تقاضے پورے کرنے ہوتے ہیں؟

ایک WACE حاصل کرنے کے لیے طلباء کو لازماً:

1. تین کورس مجموعوں میں سے ایک کو مکمل کرنا ہوتا ہے:
   - سال 12 کے کم از کم جار ATAR کورسز، یا
   - کم از کم پانچ سال 12 کے جنرل کورسز اور/ یا ATAR کورسز،
   - ایک سرٹیفیکیٹ II یا زیادہ اوپر سطح کی VET تعلیمی سند ، ATAR، جنرل یا فاونڈیشن کورسز
2. خواندگی اور حساب کتاب کے معیار کا مظاہرہ کرنا .
3. پڑھائی کی وسعت اور گہرائی کے تقاضوں پر پورا اترنا.
4. کامیابی کے معیار پرپورا اترنا.

WACEکے لیے پڑھائی کے انتخابات

طلباء کو پڑھائی کے لیے تین انتخابات کی پیشکش کی جاتی جنہیں وہ مکس اور میچ کرسکتے ہیں:

- WACE کورسز، بشمول ATAR، جنرل، فاونڈیشن اور VET انڈسٹری کے لیے مخصوص
- VET پروگرام
- تائیدہ کردہ پروگرام.

خواندگی اور حساب کتاب کے معیار کے تقاضے

طلباء کو ان میں سے کسی ایک کے ذریعے خواندگی اور حساب کتاب کے کم از کم معیاروں کا لازماً مظاہرہ کرنا ہوتا ہے:

- سال 9 کے NAPLAN میں پڑھنے، لکھنے اور/یا حساب کتاب کے حصے میں بینڈ 8 یا اس سے زیادہ حاصل کرکے یا
- آن لائن لٹریسی اینڈ نمریسی ایسسمنٹ (OLNA) کو کامیابی سے مکمل کرکے

وسعت اور گہرائی کے تقاضے

طلباء کو سینئر سکولنگ میں کم از کم 20 یونٹس مکمل کرنے ہوتے ہیں ، بشمول:

- سال 12 کے کم از کم دس یونٹس، یا اس کے برابر جو VET کوالیفیکیشنز اور تائیدہ کردہ پروگراموں کی محدود تعداد سے لیے گئے ہوں
- انگریزی سیکھنے کے کورس سے چار یونٹس، سال 10 کے بعد، بشمول ایک جوڑاسال 12 کے انگریزی سیکھنے کے کورس میں سے
- سال 12 کی لسٹ اے میں سے ایک جوڑا (آرٹس، زبانیں، سوشل سائینسز) اور
- سال 12 کی لسٹ بی میں سے ایک جوڑا (ریاضی، سائنس، ٹیکنالوجی).

کامیابی کے معیار کے تقاضے

طلباء کو لازماً سال 11 اور سال 12 میں کم از کم 14 'سی' گریڈز یا ان کے برابر ، بشمول 6 'سی گریڈز یا ان کے برابر سال 12 کے یونٹس میں سے۔

D23/1254756
June 2023

CC BY
Exclusions may apply